پروفیسر ڈیوڈ ہوئی ،
دی چائینیز یونیورسٹی آف ہانگ کانگ کے سانس سے متعلق مسائل کے شعبہء طب کے پروفیسر

سب کو سلام! مجھے پہلے یہ بیان کرنے دیں کہ ناک سے کیسے روِئی کے ذریعہ نمونہ (سوابز) لیتے ہیں -

چھوٹی سی ڈنڈی کے ساتھ لگی روِئی آپ کے نتھنے میں گہری داخل نہیں ہوگی۔ یہ صرف ایک سے دو سینٹی میٹر تک اندر جائے گی۔ جب یہ نتھنے کے اندر ہوگی ، تو ہم تقریبا 10 سیکنڈ کے لیے رگڑیں گے۔ تب ہم دوسری طرف ڈالیں گے اور اسی عمل کو دہرائیں گے۔ آپ کو مکمل معائنے میں درد محسوس نہیں ہوگا۔ کچھ لوگوں کو ، تاہم ، تھوڑی سی تکلیف ہو سکتی ہے اور کچھ لوگوں کے آنسو نکل سکتے ہیں۔

دوسرا حصہ گلے میں سے روِئی کے ذریعہ نمونہ لینے کا ہے۔ آپ یہاں فٹ بال کے کھیل کے گول کی طرح پیلا تیر کے سرے کی طرح کا نشان دیکھ سکتے ہیں۔ ہم اطراف سے رگڑیں گے ، پھر پیچھے کی طرف۔ اس عمل میں کوئی پریشانی نہیں ہونی چاہیے اور یہ تکلیف دہ نہیں ہے۔ میرے لیے ، معائنہ ہموار ہے اور یہ متلی کا باعث نہیں بنتا۔ تو براہ کرم اس کے بارے میں پریشان نہ ہوں۔